دیگر انبیائے کرام اپنی امت کی شفاعت کریں گے یا نہیں؟

مجیب: مولانا محمد ماجد رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1847

تاریخ اجراء: 30 محرم الحرام 1446ھ /06 اگست 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

آقا کریم صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کے علاوہ دیگر تمام انبیائے کرام علیہم السلام بھی اپنی امتوں کی شفاعت فرمائیں گے؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

شفاعتِ کبریٰ جس میں ہر کسی کی شفاعت شامل ہے یہ صرف نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے ساتھ خاص ہے باقی شفاعتیں ہر نبی علیہ السلام بلکہ اولیاء اللہ رحمھم اللہ کے لیے بھی ہیں، لہٰذا حضور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے شفاعت فرمانے کے بعد انبیائے کرام اپنی امتوں کی اور اولیائے کرام وغیرہ اپنے اپنے متعلقین کی شفاعت فرمائیں گے۔

صدر الشریعہ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”قیامت کے دن مرتبۂ شفاعتِ کبریٰ حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے خصائص سے ہے کہ جب تک حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) فتحِ بابِ شفاعت نہ فرمائیں گے کسی کو مجالِ شفاعت نہ ہو گی، بلکہ حقیقۃً جتنے شفاعت کرنے والے ہیں حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے دربار میں شفاعت لائیں گے اور اللہ عزوجل کے حضور مخلوقات میں صرف حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) شفیع ہیں اور یہ شفاعتِ کُبریٰ مومن، کافر، مطیع، عاصی سب کے لیے ہے، کہ وہ انتظارِ حساب جو سخت جانگزا ہو گا، جس کے لیے لوگ تمنّائیں کریں گے کہ کاش جہنم میں پھینک دیے جاتے اور اس انتظار سے نجات پاتے، اِس بلا سے چھٹکارا کفّار کو بھی حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی بدولت ملے گا، جس پر اوّلین و آخرین، موافقین و مخالفین، مؤمنین وکافرین سب حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی حمد کریں گے، اِسی کا نام مقامِ محمود ہے۔“ (بہارِ شریعت، جلد 1، صفحہ 70، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے شفاعت فرمانے کے بعد انبیا، اولیا اور دیگر افراد بھی شفاعت فرمائیں گے۔ اس کے متعلق بہارِ شریعت میں ہے: "اب تمام انبیا اپنی امت کی شفاعت فرمائیں گے، اولیائے کرام، شہدا، علما، حفاظ، حجاج بلکہ ہر وہ شخص جس کو کوئی منصبِ دینی عنایت ہوا، اپنے اپنے متعلقین کی شفاعت کرے گا۔ نابالغ بچے جو مر گئے ہیں، اپنے ماں باپ کی شفاعت کریں گے۔" (بہارِ شریعت، جلد1، صفحہ139-140، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net